دیکھ بھال اور موقع فراہم کرنے کا منصوبہ

بچوں کے لیئے زیادہ دیکھ بھال، زیادہ انتخاب

چھوٹے بچوں کے خاندانوں کےلیے بچوں کی دیکھ بھال بہت زیادہ اہم ہے۔ جب بہت سے والدین کو بچوں کی قابل استطاعت دیکھ بھال میسر ہوگی ، تب وہ کام پر واپسی کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ اس میزانیئے میں اونٹیریوبچوں کی دیکھ بھال تک رسائی بڑھانے کیلئے اور زیادہ خاندانوں کی استطاعت بڑھانے کیلئےتین سال کے عرصہ میں ۲.۲ بلین ڈالر کی مزید سرمایہ کاری کر رہا ہے۔

بچوں کی دیکھ بھال کی مزید جگہیں

۱۰۰،۰۰۰ سے زیادہ بچوں کو عمدہ معیار کی دیکھ بھال مہیا کرکے مدد کرنا۔ اور اضافی مالی امداد سےمستحق خاندانوں کو اندازا" ٦٠ فیصد نئی جگہوں کی پیشکش

بچوں کی قبل از مدرسہ مفت دیکھ بھال

ڈھائی سال کی عمر کے بچوں والے خاندانوں کے لیے کنڈر گارٹن کی اہلیت تک مفت پری سکول متعارف کروارہے ہیں تاکہ انھیں بچوں کی عمدہ قابل استطاعت دیکھ بھال مہیا ہو۔

سکول سے پہلے ۔۔ اورسکول کے بعد ۔۔ دیکھ بھال

اکثر ایلیمینٹری سکول بورڈوں کے لیے لازمی کرنا کے وہ۱۲ سال کی عمر تک کے بچوں کے خاندانوں کوسکول شروع ہونے سے پہلے اور بعد کے دیکھ بھال کے پروگراموں میں بہتر رسائی مہیا کریں۔

مفت پری سکول

اونٹیریو ہے::

- ستمبر ۲۰۲۰ کے آغاز سے بذریعہ ڈھائی سال کی عمر کے بچوں کی کنڈر گارٹن کی اہلیت تک مکمل طور پرمفت پری سکول مہیا کرکے خاندانوں کو اوسطا" ۱۷،۰۰۰ فی بچہ کی بچت ہونا
- اگلے چھ سالوں کے دوران ۵۳۴ ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کرکےسکولوں میں ۱۰،۰۰۰ قبل از مدرسہ کی جگہیں اور کمیونٹی کی بنیاد پر ۴،۰۰۰ جگہیں بنائی جائیں تاکہ مناسب گنجائش کو یقینی بنایاجا سکے

بچوں کی دیکھ بھال کے نظام کو زیادہ رسائی والا اور بہتر بنانا

اونٹیریو ہے:

- انٹاریو کے مزید خاندانوں کی بچوں کی دیکھ بھال تک رسائی بڑھانے اور استطاعت بڑھانے کیلئے تین سال کے عرصہ میں مزید ۲.۲ بلین ڈالر دینا۔
- ۱،۸۰۰سے زیادہ بچوں اورانکے فسٹ نیشن خاندانوں کو بہتر، ثقافتی طور پربر محل بچوں کی دیکھ بھال، اور بچے اور خاندان کے پروگراموں کی فراہمی۔
- فرسٹ نیشن کمیونٹیز کو نئے اور موجودہ بچوں کی دیکھ بھال کے پروگراموں کے لیے ریزرو پر تین سالوں میں ۳۰ ملین ڈالرکی اضافی فنڈنگ مہیا کرنا۔
- بچوں کی دیکھ بھال کے ماہرین کی تنخواہوں میں اضافہ کر کے ، ان کی ملازمتوں کو برقرار رکھنے میں سرمایہ کاری کر کے ، اور انکی پیشہ ورانہ نشوونما میں مدد کر کے ان کی معاونت کرنا۔
- اجرت کا ایسا مرکزی معیار تیارکیا جائے جو اس بات کی ضمانت دے کہ اس میں شامل ماہرین تعلیم بچوں کی دیکھ بھال کو اعلیٰ ترین معیار کے مطابق جاری رکھ سکیں۔